روزنامہ نوائے وقت کراچی (14) 20 مارچ 2015

UIC
PAKISTAN

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

PACRA سے 'A+' قرار شدہ

# 55 واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا 55 واں سالانہ اجلاس عام 13 اپریل 2015ء بروز پیر صبح 11 بجے بمقام رائل پام گالف اینڈ کنٹری کلب، 52۔ کینال بینک روڈ، لاہور منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

**عمومی کارروائی:**

1) 26 دسمبر 2014ء کو منعقدہ 12 ویں غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2) 31 دسمبر 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اور ان کے ہمراہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا انہیں زیر غور لانا اور ان کی منظوری دینا۔
3) بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق کمپنی کے ممبران کی تحویل میں موجود ہر 100 شیئرز پر 40 شیئرز کے تناسب سے 40 فی صد بونس شیئرز کے اجراء پر غور کرنا اور منظوری دینا۔
4) مالی سال 2015ء کے لیے بیرونی آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا مشاہرہ طے کرنا۔ آڈٹ کمیٹی نے میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور کے تقرر کی سفارش کی ہے۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز میسرز اویس حیدر لیاقت نعمان، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، لاہور نے اہلیت کی بنیاد پر 2015ء کے لیے بطور کمپنی کے بیرونی آڈیٹرز دوبارہ تقرری کے لیے خود کو پیش کیا ہے۔
5) کمپنی آرڈیننس 1984ء کے سیکشن (1)178 کے مطابق بورڈ کی طے شدہ تعداد کے مطابق کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب جن کی میعاد کا آغاز 2015ء سے ہوگا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام جو دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں درج ذیل ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1) | چوہدری حبیب الرحمان | 2) | جناب خواص خان نیازی |
| 3) | جناب محمد راحت صادق | 4) | محترمہ سعدیہ وحید |
| 5) | جناب نجیب الرحمان | 6) | چوہدری منصور احمد |
| 7) | جناب عزیز الرحمان | | |

6) سربراہ اجلاس کی اجازت سے کسی دیگر عمومی کارروائی کو بھی اجلاس کے سامنے پیش کیا جاسکتا ہے۔

**خصوصی کارروائی:**

7) بورڈ کی سفارش کے مطابق سال 2015ء کے دوران کمپنی کے مصروف کار ڈائریکٹرز کو قابل ادا مشاہروں اور نان ایگزیکٹو آزاد ڈائریکٹرز کی فیس پر غور اور منظوری اور درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد پیش کرنا:
قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی کے مصروف کار ڈائریکٹرز کو قابل ادا مشاہرہ اور نان ورکنگ / آزاد ڈائریکٹرز کی فیس کی بورڈ کی سفارش کے مطابق بذریعہ ہذا منظوری دی جاتی ہے۔
8) بونس شیئرز (B-20) کے اجرا کے لیے سرمائے کو استعمال کرنے کی منظوری اور درج ذیل قرارداد کو ترمیم کے ساتھ یا بلا ترمیم بطور عمومی قرارداد منظور کرنا:

**قرارداد پیش کی جاتی ہے:**

ا) کہ بمطابق 31 دسمبر 2014ء استعمال کے لیے دستیاب منافع میں سے =/368,000,000 روپے کی رقم کو سرمائے کی شکل دی جائے اور 10 روپے مالیت کے عام شیئرز کے اجرا کے لیے اس طرح استعمال میں لایا جائے کہ کمپنی کے ایسے ممبران کو ان کی تحویل میں موجود ہر 100 شیئرز پر 40 شیئرز کے تناسب سے بحساب 40 فی صد مکمل ادا شدہ بونس شیئرز (B-20) الاٹ کیا جائے جن کے نام 06 اپریل 2015ء کے کاروباری دن کے اختتام پر ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں۔
ب) بونس شیئرز ہر اعتبار سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہوں گے۔
ج) جزوی شیئرز کے حق دار ممبران کو ان کے جزوی شیئرز کی فروخت سے حاصل شدہ رقم ادا کی جائے گی جس کے لیے جزوی شیئرز کو مکمل شیئرز کی شکل دے کر اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کردیا جائے گا۔
د) کمپنی سیکریٹری کو بذریعہ ہذا اجازت اور اختیار دیا جاتا ہے کہ ان قراردادوں پر عمل درآمد کریں اور ایسی تمام کارروائیاں، معاہدے اور اقدامات کریں جو بونس شیئرز کے اجرا، الاٹمنٹ اور تقسیم کے لیے درکار یا لازم ہوں۔

تاریخ: 20 مارچ 2015ء
کراچی

بحکم بورڈ
(ذیلیا تگا زیری)
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1) کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کا انتخاب لڑنے کا ارادہ رکھتا ہو اسے چاہیے کہ کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے سیکشن (3)178 کے مطابق اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے خود کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرادے۔
2) ا) کمپنی کے شیئرز ٹرانسفر کے کھاتے 07 اپریل 2015ء تا 13 اپریل 2015ء (دونوں ایام شامل ہیں) بند رہیں گے۔ 06 اپریل 2015ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع کراچی میں موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو بونس شیئرز کے حق داروں کے تعین اور اجلاس میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔
ب) سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی ممبر اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے ممبر کو اپنا نمائندہ مقرر کرنے کا استحقاق رکھتا ہے۔ کوئی خود مختار ادارہ یا کمپنی، کمپنی ہذا کے ممبر کی حیثیت سے اپنے کسی افسر کی تقرری کرسکتی ہے، اگرچہ وہ کمپنی ہذا کا ممبر نہ ہو۔
ج) نمائندگی کے موثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، 204۔ مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں موصول ہو جائے۔
د) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی تبدیلی سے فوراً آگاہ کریں۔
ہ) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے مورخہ 26 جنوری 2000ء کو جاری کردہ سرکلر 1 میں دی گئی درج ذیل ہدایات کی مزید پیروی کرنا ہوگی:
و) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نوٹیفکیشن نمبر SRO 779(1)/2011 بتاریخ 18 اگست 2011ء اور SRO.831(1)/2012 بتاریخ 05 جولائی 2012ء کی پیروی میں کاغذی (physical) شیئرز رکھنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی ایک نقل فوری طور پر ہمارے رجسٹرار آفس، F.D رجسٹرار سروسز (SMC-Pvt) لمیٹڈ، 1705 مصائف ٹریڈ ٹاور A، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000 بھجوا دیں۔ کارآمد CNIC کی نقل کی عدم وصولی اور مندرجہ بالا تقاضوں کی عدم تعمیل پر کمپنی ایسے شیئر ہولڈرز کے بونس شیئرز کی ترسیل روکنے پر مجبور ہوگی۔ کاروباری اداروں سے بھی درخواست ہے کہ اپنے NTN درج بالا پتے پر ہمارے رجسٹرار کے پاس جمع کرادیں۔

ا) **میٹنگ میں شرکت کے لیے**

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات حسب ضابطہ اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھائے گا۔
ii) سی ڈی سی کے پاس رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے کوائف، شناختی نمبرز اور CDS میں اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں۔
iii) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/اختیار نامہ نمائندے کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (ماسوائے اس کے کہ وہ پہلے ہی پیش کیا جاچکا ہو)

ب) **نمائندوں کی تقرری کے لیے**

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ایسا شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات حسب ضابطہ اپ لوڈ کی جاچکی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت کمپنی کے اعلان کردہ تقاضوں کے مطابق تقرری نامہ (Proxy Form) جمع کرائے گا۔
ii) نمائندگی نامے پر دو افراد کی گواہی موجود ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر تقرری نامے میں درج ہوں۔
iii) نمائندگی نامے کے ہمراہ اصل مالکان (beneficial owner) اور نمائندے کے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول مہیا کی جائیں۔
iv) نمائندے کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
v) کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر نمائندگی نامے کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/اختیار نامہ نمائندے/اٹارنی کے دستخط کے نمونے کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (ماسوائے اس کے کہ وہ پہلے ہی پیش کیا جاچکا ہو)

**کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (C) & (B) (1)160 کے تحت اعلامیہ**

1) بونس کا اجراء قوانین و ضوابط کا پابند ہوگا۔
2) ڈائریکٹرز نے بمطابق 31 دسمبر 2014ء کمپنی کے محفوظ سرمائے اور منافع سے مطمئن ہونے کے سبب بونس شیئرز کے اجرا کی سفارش کی ہے۔ ڈائریکٹرز کوئی براہ راست یا بالواسطہ مفاد نہیں رکھتے، ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ممبران ہیں۔